5852 ـ عشره مبشره کون ہيں ؟

سوال

عشره مبشره کون ہيں ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

عشره مبشره نبی صلی الله عليہ وسلم کے وه صحابہ ہيں جن کا ذکر عبدالرحمن بن عوف رضي الله تعالى عنہ کی روايت کرده حديث ميں ہے :

عبدالرحمن بن عوف رضي الله تعالى عنہ بيان کرتے ہيں کہ نبی صلی الله عليہ وسلم نے فرمايا :

(ابوبکر رضی الله تعالى عنہ جنتی ہيں ، عمررضی الله تعالى عنہ جنتی ہيں ، عثمان رضي الله تعالى عنہ جنتی ہيں ، علی رضي الله تعالى عنہ جنتی ہيں ، طلحہ رضي الله تعالى عنہ جنتی ہيں ، زبيررضي الله تعالى عنہ جنتی ہيں ، عبدالرحمن بن عوف رض الله تعالى عنہ جنتی ہيں ، سعد رضي الله تعالى عنہ جنتی ہيں ، سعيد رضی الله تعالى عنہ جنتی ہيں ، ابوعبيده رضي الله تعالى عنہ جنتی ہيں) سنن ترمذی حديث نمبر (3682) ۔

اورجوحديث ميں سعد کا نام ليا گيا وه سعد بن ابی وقاص رضی الله تعالى عنہ اورسعيد بن زيد رضي الله تعالى عنہ ہيں ۔

ان صحابہ کرام کے علاوه اوربھی کئ ايک صحابہ کوجنت کی خوشخبری دی گئ ہے مثلا خديجہ بنت خويلد رضي الله تعالى عنہا اورعبدالله بن سلام اورعکاشہ بن محجن رضی الله تعالى عنہ وغيره بھی ہيں ۔

ايک ہی حديث ميں ان سب کے نام ذکر ہونے کی بنا پرانہيں عشره مبشره کہا جاتا ہے ۔

والله اعلم .